محکمہ خوراک گلگت بلتستان

ٹینڈر نوٹس برائے ترسیل گندم کیٹگری "B" ٹھیکیداران

سال 27-2026ء

سول جج درجہ اول کے حکم سول دعویٰ نمبر 90/2026 کی روشنی میں بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ محکمہ خوراک گلگت بلتستان کو، سب بلک ڈپو لرک تانگیر سے سول سپلائی سیل ڈپو تانگیر جگلوٹ اور گبر تانگیر کے لیے ٹینڈر برائے ترسیل گندم مالی سال 27-2026 (ٹینڈر منظوری کے دن سے لیکر 30 جون 2027) تک کیلئے اچھی شہرت کے حامل ٹھیکیداران, فرمز اور اداروں سے مورخہ 12 نومبر 2026 کو دن 10 بجے تک سربمہر ٹینڈرز مطلوب ہیں۔ٹینڈرز GB PPRA رول 39 شق نمبر (الف) واحد مرحلہ جاتی واحد لفافہ جاتی طریق کار (Single Stage One Envelop) کے تحت وصول کئے جائینگے۔ تکنیکی و مالیاتی بولیاں اسی دن دوپہر 10:30 بجے ٹھیکیداران، فرمز اور اداروں کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ٹینڈر فارم و دیگر معلومات ٹینڈر کھلنے کی تاریخ تک دفتری اوقات میں دفتر زیر دستخطی سے حاصل کر سکتے ہیں اور PPRA ویب سائٹ / محکمہ خوراک کی ویب سائٹ gbfood.gov.pk سے ڈاونلوڈ بھی کر سکتے ہیں۔

اہلیت وقابلیت برائے تکنیکی ومالی بولی/ تجاویز:- (Eligibility & Qualification Criteria for Technical & Financial bids)

(الف)

ا۔ متعلقہ ٹھیکیدار فرم اور ادارے کا کسی بھی scheduled بینک یا KCBL سے کم از کم پچاس لاکھ کا پچھلے ایک سال کا بنک ٹرانزیکشن جمع کرانا لازمی ہے۔

۲ متعلقہ ٹھیکیدار، فرم اور ادارے کے نام تازہ ترین غیر منقولہ جائیداد ایک کروڑ مالیت کی ہو ثبوت کے طور پر اوریجنل پراپرٹی سرٹیفیکیٹ بمع مذکورہ جائیداد کو فروخت نہ کرنے کی بیان حلفی متعلقہ ڈپٹی کمشنر یا ڈسٹرکٹ ریونیو کلکٹر، اسسٹنٹ کمشنر یا مجسٹریٹ فرسٹ کلاس / سیکنڈ کلاس سے تصدیق شدہ جمع کرنا لازمی ہے۔

۳۔ ٹینڈر میں حصہ لینے والے ٹھیکیداروں کا کسی بھی سرکاری، نیم سرکاری یا پرائیویٹ رجسٹرڈ گڈز ٹرانسپورٹ ادارے میں متعلقہ کام میں کم از کم تین سال کا تجربہ لازمی ہے۔

۴۔ متعلقہ ٹھیکیدار اور فرم کی طرف سے کسی بھی ادارے سے بلیک لسٹ نہ ہونے کے بارے میں 100 روپے کے اسٹام پیپر پر بیان حلفی جمع کرانا ضروری ہے۔

۵۔ تمام حصہ لینے والے ٹھیکیداران، فرمز اور ادارے اپنے کردار کے حوالے سے متعلقہ سپرنٹنڈنٹ پولیس سے تازہ ترین صداقت نامہ حاصل کر کے منسلک کریں۔

۶۔ ٹھیکیداران و فرمز اور اداروں کا محکمہ خوراک گلگت بلتستان کو تجدیدی (Enlistment/Renewal) فیس جمع کرا کر رسید جمع کرانا ضروری ہے۔

(ب) **عمومی قواعد و ضوابط بابت مالیاتی و تکنیکی تجاویز برائے ترسیل گندم:۔**

ا۔ ٹینڈر دہندہ گان کو ٹینڈر ریٹ فی کلوگرام گندم کا کرایہ بشمول تمام مروجہ ٹیکسز و ہینڈلنگ بمع لوڈنگ وانلوڈنگ کے تمام اخراجات کے حساب سے دینا ہوگا، نیز ٹینڈر ریٹ اعشاریہ کے بعد دو ہندسوں سے زیادہ ٹینڈر فارم میں اندراج نہ ہووے۔ٹینڈر فارم میں دو سے زیادہ اضافی اعشاریہ ہندسوں کا اندراج ناقابل قبول قرار پائے گا۔

۲۔ سادہ کاغذ پر، نامکمل، کھلا لفافہ، مقرر کردہ اوقات کے بعد موصول شدہ، مشروط اور 3 فیصد bid security کے بغیر جمع کردہ ٹینڈر کاغذات قابل قبول نہیں ہونگے۔

۳۔ تکنیکی تجویز / بولی کیلئے اہلیت کے معیار (Eligiblity Criteria) کیلئے تعین شدہ تمام شرائط کو پورا کرنا حسب ضابطہ لازمی قرار دیا گیا ہے۔

۵۔ دوران ترسیل گندم کے نقصان کی تمام تر ذمہ داری ٹھیکیدار، فرم اور ادارے کی ہوگی۔

۶۔ قدرتی آفات اور کسی بھی ایمرجنسی کی صورتحال کی تدارک کیلئے ادارہ حسب ضابطہ قانون National Disaster Management Act, 2010 کے وضع کردہ شق نمبر 32 یا گلگت بلتستان ڈیزاسٹر مینجمنٹ ایکٹ کے متعلقہ سیکشنز کے تحت ضابطے کی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

اا۔ ڈائریکٹر فوڈ گلگت بلتستان ایک یا تمام ٹینڈرز مسترد یا منظور کرنے کا مجاز ہوگا۔ٹینڈر منسوخ ہونے کی صورت میں متعلقہ ٹھیکیداران کو اس امر کی وجوہ سے آگاہ کیا جائے گا۔مذید برآں ٹینڈر کے منسوخی کے بابت ادارہ کسی قسم کی صفائی دینے کا پابند نہیں ہوگا۔

(احمد شاہ مسعود)

ڈائریکٹر فوڈ گلگت بلتستان

جٹیال گلگت